## منقبت شہزادہ علی اصغرؑ

تو کیا ہوا کہ جو بے شیر ہے علی اصغرؑ
علیؑ کی طفلی کی تصویر ہے علی اصغرؑ

خلیلِ رب نے جو دیکھا تھا خوابِ ذبحِ عظیم
اُس ایک خواب کی تعبیر ہے علی اصغرؑ

لکھا گیا جسے قرآنِ حق کے چہرے پر
حسینیت کی وہ تحریر ہے علی اصغرؑ

وہ جس نے چیرا تھا جھولے میں کلہِ اژدر
اُسی دلیر کی تنویر ہے علی اصغرؑ

منافقوں کا جگر جس نے رن میں کاٹ دیا
علیؑ ولی کی وہ شمشیر ہے علی اصغرؑ

سواری رحمتِ عالم بنے تھے جس کے لئے
تری سواری وہ شبیرؑ ہے علی اصغرؑ

زبان و لفظ عطائے حسینؑ ہیں لاریب
زبان و لفظ کی تاثیر ہے علی اصغرؑ

303 یہ اعتراف ہے رضوان اور نور علیٰ
ہمارا کاتبِ تقدیر ہے علی اصغرؑ